Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/02**

Paper 2 Reading and Writing **May/June 2025**

INSERT **1 hour 45 minutes**

*7652711771-I*

**INFORMATION**

- This insert contains the reading passages.
- You may annotate this insert and use the blank spaces for planning. **Do not write your answers** on the insert.

**معلومات**

- منسلکہ صفحات میں ریڈنگ کی عبارتیں دی گئی ہیں۔
- آپ ان صفحات پر لکھ سکتے ہیں اور خالی جگہوں کو پلاننگ کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان صفحات پر **اپنے جوابات مت لکھیں۔**

This document has **4** pages. Any blank pages are indicated.

NL 342607/2

© UCLES 2025

**[Turn over**

## سیکشن 1

**عبارت 1 کو پڑھیے اور امتحانی پرچے پر سوالات 1، 2 اور 3 کے جوابات دیجیے۔**

**عبارت 1**

آج کی زندگی تیز ہو چکی ہے اور لوگوں کی طرزِ زندگی میں تبدیلیوں نے انہیں کھانے پینے کی ایسی چیزوں کا عادی بنا دیا ہے جو آسانی سے بنائی جا سکتی ہوں۔ فاسٹ فوڈ ان کھانوں کو کہتے ہیں جو یا تو پہلے سے تیار ہوں یا عام کھانوں کے مقابلے میں کم وقت میں پکائے جا سکتے ہوں۔

فاسٹ فوڈ بہت سے مقامات جیسے ٹیک آوٹ اور ریسٹورنٹ وغیرہ میں دستیاب ہوتا ہے۔ فاسٹ فوڈ کو لوگ اس لیے بہت پسند کرتے ہیں کیونکہ اس کا ذائقہ اچھا ہوتا ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں فاسٹ فوڈ پر زیادہ پیسے بھی خرچ نہیں کرنے پڑتے۔ فاسٹ فوڈ کو ایک تجارتی مقصد کے طور پر تیار کیا گیا تھا تاکہ ایسے لوگوں کی بڑی تعداد کو سہولت پہنچائی جا سکے جن کے پاس اکثر ایک میز پر بیٹھنے اور اپنے کھانے کا انتظار کرنے کا وقت نہیں ہوتا تھا۔

مقامی یونیورسٹی کے پروفیسر ممتاز وراثت کہتے ہیں "جب آپ گھر پر کھانا تیار کرتے ہیں تو اکثر کھانا بچ جاتا ہے۔ اسے فریج میں رکھا جا سکتا ہے لیکن یہ کھانا اکثر ضائع ہو جاتا ہے۔ جب آپ فاسٹ فوڈ کا آرڈر دیتے ہیں تو آپ صرف ضرورت کے مطابق کھانا لیتے ہیں اور ذخیرہ کرنے کے لیے کچھ بھی نہیں بچتا۔ اس لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ فاسٹ فوڈ ماحولیات کے لیے زیادہ سازگار ہوتا ہے۔"

ماہر معاشیات نورین شارق کے مطابق گزشتہ چند دہائیوں سے فاسٹ فوڈ کی صنعت میں لاکھوں افراد کام کر رہے ہیں۔ آپ کے علاقے میں بہت سے بین الاقوامی اور مقامی فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ ہیں اور ان مقامات سے کھانا خریدنے کی وجہ سے آپ کی کمیونٹی کے معاشی حالات بہتر ہوں گے۔ مقامی افراد کو روزگار ملنے کی وجہ سے ملک کی معیشت میں بہتری آئے گی اور بیروزگاری میں کمی آئے گی۔

سفر کے دوران فاسٹ فوڈ کی وجہ سے بہت آسانی ہو جاتی ہے کیوں کہ آپ کے پاس اکثر اپنے لیے کھانا تیار کرنے کا وقت نہیں ہوتا لہٰذا آپ فاسٹ فوڈ لے سکتے ہیں۔ نہ صرف یہ کہ آپ کو کھانا نہیں پکانا ہوگا بلکہ آپ بعد میں برتن صاف کرنے سے بھی بچ جائیں گے۔ سفر کرتے وقت فاسٹ فوڈ کھانا پکانے کا ایک بہترین متبادل ہے کیونکہ آپ کو سیاحت اور مقامی ثقافت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے زیادہ وقت مل جاتا ہے۔

© UCLES 2025

## سیکشن 2

**عبارت 2 کو پڑھیے اور امتحانی پرچے پر سوالات 4 اور 5 کے جوابات دیجیے۔**

**عبارت 2**

فاسٹ فوڈ لوگوں کی غذا کا ایک اہم حصہ بنتا جا رہا ہے کیونکہ ان کا طرز زندگی زیادہ مصروف ہو گیا ہے۔ اگرچہ کبھی کبھار فاسٹ فوڈ کھانا آپ کی صحت کو نقصان نہیں پہنچائے گا لیکن کثرت سے برگر اور چپس وغیرہ کھانا تکلیف دہ بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ فاسٹ فوڈ کا استعمال کرنے والے افراد کو اکثر سر درد اور دانتوں کے مسائل کے علاوہ بلڈ پریشر کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر ارم نعمان کے مطابق فاسٹ فوڈ وزن میں کمی کے لیے ایک اچھا انتخاب نہیں ہے کیونکہ اس میں کیلوریز زیادہ ہوتی ہیں۔ اگر آپ اپنا وزن کم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو صحت بخش غذائیں کھانی چاہئیں۔ اگر آپ باقاعدگی سے بہت زیادہ فاسٹ فوڈ کا استعمال کریں گے تو آپ کا جسم خطرناک اجزاء کی وجہ سے متاثر ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ آپ کی صحت کو مٹاپے کی وجہ سے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

اگرچہ بہت سے فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ میں کھانے کے اخراجات کم ہوتے ہیں مگر گھر پر کھانا پکانے سے آپ کا بہت سا پیسہ بچ سکتا ہے خاص طور پر اگر آپ کا خاندان بڑا ہے۔ پیسے بچانے کے علاوہ خاندان کے افراد کا ساتھ کھانا پکانا بہت زیادہ پر لطف ہو سکتا ہے جس کی وجہ سے گھر کا ماحول بھی خوشگوار رہتا ہے۔

ماہر نفسیات ڈاکٹر نبیلہ حسین کہتی ہیں "کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ فاسٹ فوڈ کی لت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی ساری توجہ کھانے کے معیار کی بجائے صرف اس کے ذائقے پر ہوتی ہے اور وہ صحت پر ہونے والے اس کے منفی اثرات کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔"

فاسٹ فوڈ کا زیادہ استعمال دماغ کو متاثر کرتا ہے جس کے نتیجے میں انسان کی ذہنی صحت متاثر ہوتی ہے۔ فاسٹ فوڈ کے کئی ضمنی اثرات ہوتے ہیں اور سب سے فوری اثر انسان کے جسم میں توانائی کی سطح پر ہوتا ہے۔ بعض اوقات توانائی کی سطح میں اضافہ ہو جاتا ہے جس سے نیند کی خرابی پیدا ہوتی ہے۔ فاسٹ فوڈ کا استعمال غنودگی کا باعث بنتا ہے اور توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2025